سوال

(1136) مردوں اور عورتوں کے اختلاط میں پردہ لازمی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب خاندان کے مرد عورتیں اکٹھے ہوں، تو کیا عورت کو ان کے ساتھ باحجاب ہو کر بیٹھنا جائز ہے تاکہ قربت اور تعارف حاصل ہو؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی خاص مصلحت اور فائدہ کے بغیر اس طرح بیٹھنا جائز نہیں ہے۔ مثلاً کسی درس وغیرہ کا اجتماع ہو تو عورتیں باحجاب ہو کر مردوں سے پیچھے بیٹھ سکتی ہیں۔ اور اگر درمیان میں پردہ وغیرہ ہو تو اور بھی زیادہ بہتر ہے۔

مگر جب میدان کھلا ہو، اور لوگ بھی ادھر ادھر آتے جاتے ہوں اور اختلاط اور اسباب فتنہ کا اندیشہ ہوتا ہو تو اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔ کیونکہ کوئی شخص اسباب فتنہ کے جس قدر قریب ہو گا یقیناً اس کے اثرات سے متاثر ہو گا۔ لہذا ہر انسان کو، مرد ہو یا عورت، جہاں تک ہو سکے ان فتنوں سے دور ہی رہنا چاہیئے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 798

محدث فتویٰ